سوال

(875) شریعت میں واجب کس کو کہتے ہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

شریعت میں واجب کس کو کہتے ہیں کیا یہ لفظ قرآن وحدیث میں موجود ہیں ؟ سید عبدالغفور

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ہے : { غُسْلُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ وَاجِبٌ عَلَى كُلِّ مُحْتَلِمٍ } [جمعہ کے دن غسل ہر بالغ پر واجب ہے]واجب فرض کو کہتے ہیں جس کے ترک کی گنجائش نہ ہو اس کے مقابلہ میں تطوع کا لفظ بولا جاتا ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01 ص560

محدث فتویٰ